Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · DETAILS OF BURIAL

Etiquettes Pertaining to Death

موت سے پہلے کے آداب

When signs of death appear to someone, he more than anyone else must prepare himself for receiving it, because he will start a journey from which he will never return; namely, the journey to the Other World. In this journey, he requires suitable provisions. The first thing he must do is to confess of his sins, admit of failure to do what ought to be done, show regret at the wrongdoings he has done, declare pure repentance, weep for himself, implore the All-holy God for forgiveness, and pray Him to stand by him and not to leave him alone facing the imminent shocks and horrors.

جاننا چاہیے کہ جب کسی فرد پر موت کے آثار ظاہر ہونے لگیں تو جسے سب سے پہلے مرنے والے کے حالات کو سنبھالنا چاہیے وہ خود مرنے والا ہی ہے جس کو آخرت کا سفر درپیش ہے اور اسے اس سفر کے لیے زادِ راہ [سامانِ سفر] کی ضرورت ہے۔ اب سب سے پہلا اور ضروری کام جو اسے کرنا چاہیے وہ اپنے گناہوں کا اعتراف اور کوتاہیوں کا اقرار ہے کہ گذشتہ پر ندامت کے ساتھ صدق دل سے توبہ کرے اور خدائے تعالیٰ کی بارگاہ میں آہ و زاری کرے کہ وہ اس کے گزشتہ گناہوں کو معاف کر دے اور موجودہ حالات اور آئندہ خوف ناک واقعات میں اس کو نہ تو خود اس کے حوالے کرے اور نہ دوسروں کے سپرد کرے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

As a second step, he must pay considerable attention to his will; he must therefore fulfill his liabilities and duties towards Almighty Allah and people and must not entrust others to do so on behalf of him. He will very soon lose any control over his properties; rather, he will not be able to do anything other than watching sorrowfully how his properties will be spent. In fact, the devilish jinn and human beings will inspire evil things to his heirs in order to prevent them from absolving him from the financial liabilities and he will have no stratagem other than shouting, “My Lord, send me back haply I may do good in that which I have left!” Yet, this call will not be heard and regret will not be helpful anymore. In this respect, one who feels his imminent departure of this life must bequeath one third (1/3) of his properties to his relatives and to charitable purposes in a way that corresponds to the financial situation. Legally, a legator has no right to dispose of more than one third of his legacy.

پھر اپنی وصیت کی طرف توجہ کرے اور حقوق االله و حقوق العباد جو اس کے ذمے نکلتے ہیں انہیں خود ادا کرے اور دوسروں کے سپرد نہ کرے۔ کیوں کہ مرنے کے بعد اس کے سبھی اختیارات دوسروں کے ہاتھ میں آجاتے ہیں اور اس کے پاس نہیں رہتے، پھر وہ اپنے مال و دولت کو حسرت کی نگاہوں سے دیکھتا رہتا ہے تو جن و انس میں سے شیاطین اس مرنے والے کے وارثوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے رہتے ہیں اور اس امر میں مانع ہوتے ہیں کہ وہ اس کے ذمے رہ جانے والے واجبات سے اس کو بری الذمہ کریں اس وقت یہ بات اس کے بس سے باہر ہوتی ہے کہ کسی سے یہ کہے : اسے دنیا میں لوٹایا جائے تا کہ وہ اپنے مال سے شائستہ و نیک اعمال بجا لائے اس وقت اس کی چیخ و پکار کوئی نہیں سنتا اور اس کی حسرت و پشیمانی بے فائدہ ہوتی ہے، لہٰذا وہ اپنے مال میں ایک تہائی کی وصیت کر دے کہ یہ اس کے قریبی رشتہ داروں کو دیا جائے اور اس میں سے صدقہ و خیرات اور جو اس کے مناسب حال ہے خرچ کیا جائے ،کیوں کہ وہ ایک تہائی سے زیادہ کی وصیت کا اختیار نہیں رکھتا۔

The next step is that he must absolve himself from his obligations towards his brethren-in-faith, ask those whom he had backbitten, insulted, or injured to forgive him if he can contact with them, and ask his present brethren-in-faith to ask the absent ones to release him from any wrongdoing he had done to them. He must then nominate somebody as his guardian over his immature sons and entrust a trustworthy person with managing the affairs of his children and family members. Of course, this step, as well as all other steps, must be preceded by putting full trust in Almighty Allah.

پھر وہ اپنے مومن بھائیوں سے معافی مانگے کہ ان کے جو حقوق اس پر ہیں ان سے بری الذمہ ہو جائے۔ مثلاً جس کی غیبت کی ہے یا توہین کی ہے یا کسی کو دُکھ پہنچایا ہے وہ افراد موجود ہوں تو ان سے التماس کرے کہ وہ اسے معاف کر دیں، اگر وہ موجود نہ ہوں تو مومن بھائیوں سے درخواست کرے کہ وہ اس کی معافی کے لیے دعا مانگیں تا کہ جو کچھ اس کے ذمہ ہے وہ اس سے بری الذمہ اور سبک دوش ہو جائے۔ پھر اپنے اہل و عیال اور اولاد کے معاملات کو خداوند کریم پر توکل کے بعد کسی امانت دار شخص کے سپرد کرے اور اپنے چھوٹے بچوں کے لیے کوئی وصی مقرر کرے۔

Free to read, copy and share

The next step is that he must prepare his shroud (grave-clothes), in case that he has not already prepared it, and to order that the supplicatory prayers and holy verses, which are too many to be mentioned in this thesis, must be written on his shroud with a liquid made of a mixture of water and soil taken from Imam Husain (a)'s holy tomb. However, a true believer must always have his shroud prepared. In this regard, Imam Sadiq (a) is reported to have said, "Whoever has his shroud kept in his house, will not be registered with the inadvertent ones and will be granted a reward whenever he looks at it."

اس کے بعد اپنا کفن منگوائے اور جو کچھ مفصل کتابوں میں درج ہے، یعنی کلمۂ شہادتین، اذکار، عقائد، دعائیں، اور آیات اس پر خاک شفا سے لکھوائے، یہ اس صورت میں ہے کہ اس سے پہلے غفلت میں رہا اور اپنا کفن تیار کر کے نہ رکھا ہو ورنہ مومن کو چاہیے کہ وہ ہمیشہ اپنا کفن تیار کر کے رکھے، جو ہر وقت اس کے پاس موجود رہے جیسا کہ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں: جس شخص کا کفن اس کے گھر میں موجود ہوتا ہے اس کو غافلوں کی فہرست میں نہیں لکھا جاتا اور وہ جب بھی اپنے کفن پر نظر کرتا ہے تو اسے ثواب ملتا ہے۔

One who is near death must no longer think of the future of his family members, sons, and property; rather, he must think of nothing except the All-holy God and must understand that such transient matters will not help or save him either in this world or in the other world, and nothing will help except the kindness and mercy of Almighty Allah. Hence, if one puts his full trust in Almighty Allah, the affairs of his household will certainly go well. It must be also known for sure that no one, be he alive or dead, can provide any help or fend off any harm unless Almighty Allah wills so, since He, Who has created the beings, is more compassionate to His creatures than anyone else. As a result, one who is near death must be full of hope for the mercy of his Lord and must entertain expectation of the intercession of the Holy Prophet (s) and the Holy Imams (a) and wait for their coming at the hour of death. In fact, it must be known that they all come at the last hour of death to convey good tidings to their loyalists and to ask the Angel of Death to be lenient to the dead who has been faithful to them.

اور اب اپنے بیوی بچوں سے بے فکر ہو کر پوری طرح سے بارگاہ رب العزت کی طرف متوجہ ہو جائے اور اس کی یاد میں لگ جائے یہ فکر کرے کہ یہ فانی امور اس کے کام نہیں آئیں گے اور پروردگار کی مہربانی اور اس کے لطف و کرم کے بغیر دنیا و آخرت میں کوئی چیز اسے فائدہ نہیں دے گی اور اس کی فریاد رسی نہیں کرے گی۔ اس بات کا یقین کرے کہ اگر حق تعالیٰ کی ذات پر توکل کرے گا تو اس کے پسماندگان کے تمام معاملات اچھے طریقے سے انجام پائیں گے اور یہ بھی ذہن میں رکھے کہ اگر وہ خود زندہ رہ جائے تو بھی مشیت الٰہی کے بغیر وہ انہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکے گا نہ ان سے کسی ضرر کو دور کر سکے گا اور جس خدا نے انہیں پیدا کیا ہے وہ ان پر خود اس سے بھی زیادہ مہربان ہے، اس وقت اسے رحمت خداوندی کا بہت زیادہ امیدوار ہونا چاہیے۔ نیز حضرت رسول اکرمؐ اور ائمہ معصومینؑ کی شفاعت کی امید رکھنی چاہیے ان کی تشریف آوری کا منتظر ہونا چاہیے، بلکہ اس بات کا یقین رکھنا چاہیے کہ وہ ذوات مقدسہ اس وقت تشریف فرما ہوتی اور اپنے شیعوں کو خوش خبریاں دیتی ہیں اور ملک الموت سے ان کے بارے میں سفارشیں کرتی ہیں۔

Free to read, copy and share

In Misbah Mutahajjid, Shaikh Tusi says that it is recommended to pay much attention to the last will, which must not be belittled by every human being. In this respect, it is reported that one must not spend a single night without having his will placed under his head. This advice becomes more emphatic in cases of ailments. Hence, one must write down his will as excellently as possible and must absolve himself from the liabilities and responsibilities towards Almighty Allah and towards His servants.

شیخ طوسیؒ مصباح المتہجد میں فرماتے ہیں: وصیت کرنا مستحب ہے اور انسان اسے ترک نہ کرے، کیوں کہ روایت میں ہے کہ انسان کے لیے بہتر یہ ہے کہ وہ کوئی ایسی رات بسر نہ کرے جس میں وصیت نامہ اس کے سرہانے نہ ہو، بیماری کی حالت میں اس کے بارے میں زیادہ تاکید کی گئی ہے اور ضروری ہے کہ اچھی سے اچھی وصیت کرے اپنے آپ کو حقوق االلہ سے بری الذمہ کرے اور لوگوں پر کیے ہوئے مظالم سے چھٹکارا حاصل کرے۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/etiquettes-pertaining-to-death-4327 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.